UIC PAKISTAN

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

پیکرا (PACRA) کی جانب سے -AA قرار شدہ

## 58ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کا 58 واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر 30 اپریل 2018 کو صبح 9:00 بجے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان آڈیٹوریم ہال، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور**

1- کمپنی کے 57ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 29 اپریل 2017 کی کارروائیوں کی توثیق۔
2- 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔
3- مالی سال 2018 کے لئے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز الیاس سعید اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔
4- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کی شقوں کے مطابق یکم مئی 2018 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے درج ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ کمپنی کے ساتھ (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جیسا کہ بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 22 مارچ 2018 میں مقرر کیا ہے۔

(i) جناب جاوید صادق (ii) جناب خواص خان نیازی
(iii) جناب محمد راحت صادق (iv) محترمہ ہما وحید
(v) جناب آغا علی امام (vi) جناب جمیل احمد خان
(vii) جناب تاثیر یوسف مخدوم

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں۔

**خصوصی امور**

5- موجودہ ہر 100 شیئرز کے لئے 13 شیئرز کے تناسب میں یعنی 13 فیصد بونس شیئر پر غور و خوض اور اس کی منظوری جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اس کی سفارش کی گئی ہے اور اگر درست تصور کیا گیا تو درج ذیل قراردادوں کی ترمیم یا بلاترمیم منظوری دینا۔

قرار پایا کہ 31 دسمبر 2017 کو تصرف کے لئے موجود منافع میں سے -/260,201,670 روپے کی رقم =/10 روپے مالیت کے عمومی شیئرز کے مکمل ادا شدہ بونس شیئرز (بی-23) کے طور پر 13 فیصد یعنی 13 شیئرز برائے ہر 100 شیئرز کی شرح سے کمپنی کے ان ممبران جن کے نام 23 اپریل 2018 کو اختتام کارنگ ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں، کو جاری کرنے کے لئے مختص کردیئے جائیں اور یہ کہ بونس شیئرز ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز کے مساوی ہوں گے۔

مزید قرار پایا کہ بونس شیئرز کے اجرا کے لئے تناسب سے بچ جانے والے شیئرز کو اکٹھا کر کے اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے اس سے حاصل شدہ رقم کسی تسلیم شدہ فلاحی کمپنی کے ڈائریکٹرز کے منتخب کردہ ادارہ کو ادا کرنے کا اختیار ڈائریکٹر کو دیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو ان قراردادوں پر عملدرآمد کے لئے تمام اقدامات، ڈیڈز اور بونس شیئرز کے اجرا، الاٹمنٹ اور تقسیم کے لئے ضروری کارروائی کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

6- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت درج ذیل خصوصی قرارداد پر غور و خوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی ترمیم یا بلاترمیم، اضافی یا اخراجی منظوری جیسا کہ ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے۔

قرار پایا ہے کہ 31 اگست 2016 کو منعقدہ 13ویں غیر معمولی اجلاس میں شیئر ہولڈرز سے لی گئی منظوری کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ -/400,000,000 ملین روپے (چار سو ملین روپے صرف) کی حد تک شیئر ڈپازٹ کی رقم کے ذریعے اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کو توسیع دے۔

7- ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر) کے معاوضے اور کمپنی کے نان ایگزیکٹو/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی فیس برائے سال 2018 پر غور و خوض اور منظوری۔
8- صدر اجلاس کی اجازت سے پیش کردہ کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

اطہر اے خان
(کمپنی سیکریٹری)

کراچی
6 اپریل 2018

نوٹ:

1- کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر یا کوئی دیگر ہو، اسے لازماً درج ذیل دستاویزات اور معلومات کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنیز ایکٹ-2017 کے سیکشن 159(3) کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کے نوٹس کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔
(i) اپنا فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔
(ii) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کی شرائط کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کا نوٹس۔
(iii) مفصل کوائف مع اپنے دفتر کا پتہ جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2015(1)1222 مورخہ 10 دسمبر 2015 کے تحت ضروری ہے۔
(iv) کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔
(v) کوڈ آف گورنینس کی شرائط کے مطابق کمپلینٹ کے سلسلے میں دستخط شدہ ڈیکلریشن اور اہلیت کا معیار جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 میں کسی لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر درج ہے۔
(vi) ضمیمہ اے پر معلومات اور ضمیمہ بی اور سی پر حلف نامے جیسا کہ انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈینٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز 2012 کے تحت ضروری ہے۔

2- ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 24 اپریل 2018 تا 30 اپریل 2018 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی- پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع 1705، سترہویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور-اے، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں 23 اپریل 2018 کو اختتام کارنگ موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کی اہلیت کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

3- اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کے اہل تمام ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتے ہیں۔
(الف) پروکسی لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہو، پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 204، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی میں مل جانی چاہیے۔
(ب) پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
(ج) پروکسی فارم پر دو (2) افراد کی گواہی ہونا چاہیے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم میں درج ہوں۔

4- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔
(الف) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر/ سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
(ب) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوں گے۔

5- حصص یافتگان سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتہ پر مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔
میسرز ایف-ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی، پرائیویٹ) لمیٹڈ،
آفس نمبر 1705، سترہویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور-اے، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی-74000۔

6- **بونس ایشو پر ودہولڈنگ ٹیکس شرح 5 فیصد**
فنانشل ایکٹ 2014 کی شقوں کے مطابق بونس شیئرز جاری کرنے والی لسٹڈ کمپنیاں مذکورہ تصور شدہ آمدنی پر ٹیکس وصول کرنے کی ذمے دار ہیں جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 236 M کے تحت بونس شیئرز کی مالیت کا 5 فیصد ہے۔ کمپنی کی جانب سے وصول کردہ ٹیکس کمپنی کے شیئر ہولڈر کی آمدنی پر بونس شیئرز کے اجرا سے حاصل ہونے والا حتمی ٹیکس ہوگا۔ کمپنی اسٹاک ایکسچینج کو واضح کرتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو جاری بونس شیئرز میں سے بونس شیئرز کا 5 فیصد روک لے گی۔ روکے جانے والے یہ بونس شیئرز صرف ان شیئر ہولڈرز کو جاری کئے جائیں گے اگر کمپنی پندرہ دنوں کے اندر شیئر ہولڈر سے مجموعی جاری کردہ بونس شیئرز کی مالیت کا پانچ فیصد ٹیکس وصول کرلے گی اور اس مالیت کا تعین کتب کی بندش کے پہلے روز اختتامی نرخ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ کمپنی یا شیئر ہولڈر کسی کی بھی جانب سے اس امر میں ناکامی پر کمپنی بونس شیئرز کو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا کسی بھی دوسرے ادارے میں جمع کراسکتی ہے جیسا بھی طے کیا جائے۔

7- **مالیاتی حسابات کی پلیسمنٹ**
کمپنی نے 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بشمول ان پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اپنی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر فراہم کردی ہے۔

8- **وڈیو کانفرنس کی سہولت**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق کمپنی کے ممبران اے جی ایم میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کرسکتے ہیں۔ اگر کسی ایک مقام پر مقیم 10 فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے تحریری طور پر اے جی ایم میں بذریعہ وڈیو کانفرنس (بمطابق درج ذیل فارمیٹ) شرکت کے لئے اے جی ایم کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل مطالبہ کیا گیا تو کمپنی یہ سہولت فراہم کردے گی۔

10 فیصد یا زائد مجموعی شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجازت موصول ہونے کے بعد کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں اے جی ایم کی تاریخ سے کم از کم پانچ (5) دن قبل مطلع کردے گی۔

میں/ ہم ——————— بابت ——————— بحیثیت دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان کا ممبر، حامل ——————— عمومی شیئرز بمطابق سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر ——————— بذریعہ ہذا بمقام ——————— پہ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں۔

### کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت اسٹیٹمنٹ

اس اسٹیٹمنٹ میں 58ویں سالانہ اجلاس عام میں انجام دیئے جانے والے خصوصی امور اور اس سے متعلق مجوزہ قراردادوں سے متعلق ضروری حقائق شامل کئے گئے ہیں:

**ایجنڈا نمبر 5: بونس شیئرز**

بونس ایشو قواعد و ضوابط کے ذریعے طے کیا جائے گا۔ ڈائریکٹرز 31 دسمبر 2017 کے مطابق کمپنی کے اثاثہ جات اور منافع جات کے بارے میں مطمئن ہیں اور اس امر کے تحت بونس شیئرز کے اجرا کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز کا بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مفاد نہیں ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ممبر ہیں۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 6: اپنا مائیکروفنانس بینک میں سرمایہ کاری**

| نمبر شمار | ضرورت | تفصیل |
|---|---|---|
| i | منسلکہ کمپنی کا نام | اپنا مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ |
| | منسلکہ تعلقات کار کی اہلیت | ایکویٹی میں سرمایہ کاری |
| ii | مقصد | مارکیٹ میں پیشرفت اور خطرات میں کمی اور بینک کے سرمائے کے مناسب تناسب کو یقینی بنانا |
| | فوائد | منسلکہ کمپنی اور کیپٹل ایپریسیشن میں سرمایہ کاری سے منافع منقسمہ کی آمدنی کے ذریعے ایکویٹی پر منافع کا حصول |
| | سرمایہ کاری کی مدت | اسٹریٹیجک طویل مدتی سرمایہ کاری |
| iii | سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ مالیت | 400 ملین روپے (چار سو ملین روپے صرف) |
| iv | زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکورٹیز حاصل کی جائیں گی | 10 روپے فی شیئر |
| v | حاصل کی جانے والی سیکورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | 40 ملین شیئرز |
| vi | سرمایہ کاری سے قبل شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی تعداد: 111.250 ملین<br>شیئر ہولڈنگ کا تناسب 44.50 فیصد |
| | سرمایہ کاری کے بعد شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی تعداد: 151.250 ملین<br>شیئر ہولڈنگ کا تناسب 52.16 فیصد |
| vii | لسٹڈ سیکورٹی میں سرمایہ کاری | رواں بارہ ہفتہ وار اوسط مارکیٹ نرخ 5.48 روپے فی شیئر |
| ix | شیئرز کی بریک اپ ویلیو | 4.60 روپے فی شیئر بمطابق 31-12-2017 |
| x | گزشتہ تین سالوں کے لئے آمدنی فی شیئر | 2014 آمدنی فی شیئر 0.07<br>2015 خسارہ فی شیئر (0.16)<br>2016 خسارہ فی شیئر (3.34) |
| xi | فنڈز کا ذریعہ جہاں سے شیئرز حاصل کئے جائیں گے | کمپنی کے ذاتی فنڈز |
| xii | وہ شرائط اگر شیئرز قرض لئے گئے فنڈز سے حاصل کرنے کا ارادہ ہو | لاگو نہیں ہوتا |
| xiii | منسلکہ کمپنی کے ساتھ کئے گئے معاہدوں کی اہم تفصیلات | لاگو نہیں ہوتا |
| xiv | منسلکہ کمپنی میں ڈائریکٹرز کا بلواسطہ/ بلاواسطہ مفاد | لاگو نہیں ہوتا |
| xv | کوئی دیگر اہم تفصیل | کوئی نہیں |

**ایجنڈا نمبر 7: ڈائریکٹرز کا معاوضہ**

چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے متعلقہ عہدوں کے لئے معاوضے اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی فیس کے تعین کے لئے ممبران کی منظوری درکار ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہے کہ درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی امور منظور کیا جائے۔

قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/ نان-ایگزیکٹو/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے عہدوں کے لئے بذریعہ ہذا کمپنی کے قوانین کے تحت ان کے انفرادی کنٹریکٹ کے لئے ان کو معاوضوں کی ادائیگی کی منظوری دی جاتی ہے۔